نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت پلانٹ فار پاکستان کے جامع ایکشن پلان بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اجلاس کا انعقاد

لاہور:19مارچ2025: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں محکمہ زراعت پنجاب کے تحت پلانٹ فار پاکستان کے جامع ایکشن پلان کو حتمی شکل دینے سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد ہوا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب کے تحت پلانٹ فار پاکستان کا جامع ایکشن پلان تیار کر لیا گیا ہے۔اس ضمن میں محکمہ زراعت پنجاب کے تمام سرکاری فارمز پر پلانٹ فار پاکستان پر عملدرآمد جاری ہے۔محکمہ زراعت پنجاب کی تمام فیلڈ فارمیشنز کو پلانٹ فار پاکستان کے تحت اہداف سونپ دیئے گئے ہیں۔فیلڈ فارمیشنز کے ذریعے کاشتکاروں کو شجرکاری بارے آگاہی فراہم کی جارہی ہے۔اس کے علاوہ فیصل آباد، ملتان اور راولپنڈی میں قائم تینوں یونیورسٹیوں کو بھی شجرکاری کے اہداف تفویض کر دیئے ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب ایگرو فاریسٹری کو فروغ دینے کے لئے تمام ممکنہ ذرائع و وسائل بروئے کار لا رہا ہے۔کسان کارڈ ہولڈرز کاشتکاروں کو بھی شجرکاری کی اہمیت بارے آگاہی دی جارہی ہے۔

اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید و دیگر افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆